DIRECTORATE
OF PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

| اہم قومی ومقامی خبریں — مورخہ 01-09-2022 | اخبارات |
|---|---|
| 1۔صدر ڈاکٹر عارف علوی آج نصیر آباد کا دورہ کرینگے،صدر مملکت | جنگ ودیگراخبارات |
| 2۔وزیر اعظم کی کل تک سیلاب زدہ علاقوں میں سڑکوں کی مرمت مکمل مواصلات اور بجلی نظام بحال کرنے کی ہدایت،وزیر اعظم | جنگ ودیگراخبارات |
| 3۔صوبے میں 13لاکھ سے زائد لوگ بے گھر ہوئے،ضیاء لانگو،چیف سیکرٹری | سنچری ودیگراخبارات |
| 4۔خضدار اور سبی لائن سے جلد بجلی بحال کردی جائیگی،وفاقی وزیر توانائی | جنگ ودیگراخبارات |
| 5۔عوام کو معیاری خوراک کی فراہمی کا عہد ہر صورت نبھائیں گے،انجینئر زمرک | جنگ ودیگراخبارات |
| 6۔سیلاب متاثرین کی بحالی اور مدد میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے،نعیم بازئی | جنگ ودیگراخبارات |
| 7۔متاثرین کے نقصانات کا ازالہ صوبائی حکومت کے بس کی بات نہیں،ڈاکٹر ربابہ بلیدی | جنگ ودیگراخبارات |
| 8۔سیلاب زدہ گان کی بحالی کیلئے مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں،ڈی آئی جی کوئٹہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 9۔سیلاب سے پاسکو کی 4ارب کی گندم خراب ہونے کا انکشاف | مشرق ودیگراخبارات |
| 10۔سندھ کے سیلاسب متاثرین کی بڑی تعداد حب اور عندر پہنچ گئی | انتخاب ودیگراخبارات |
| 11۔بلوچستان میں فوج اور ایف سی کی جانب سے 25ریلیف کیمپس قائم | جنگ ودیگراخبارات |
| 12۔بی بی نانی میں متاثرہ گیس پائپ لائنوں کی مرمت کا کام شروع | جنگ ودیگراخبارات |
| 13۔حکومت بلوچستان کے حب ضلع کے قیام کا نوٹیفکیشن جاری کردیا | جنگ ودیگراخبارات |
| 14۔پیر غائب میں گرنے والے بجلی کے ٹاور رکی مرمت کل تک مکمل ہونے کی توقع | جنگ ودیگراخبارات |
| 15۔بلوچستان میں سیلاب سے 250افراد جاں بحق 13لاکھ بے گھر ہوگئے | جنگ ودیگراخبارت |
| 16۔بلوچستان میں ہر چیز تباہ سیلاب کے بعد صورتحال گھمبیر ہوگئی،ڈاکٹر مالک | انتخاب ودیگراخبارت |
| 17۔بی اے پی خضدار کے زیر اہتمام پاک فوج کی حمایت میں ریلی | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان

کوئٹہ،گاڑی پر موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ،بینک منیجر جاں بحق،قلات،مفرور ملزم گرفتار،قلات میں بم دھماکہ ایک شخص جاں بحق،دوسرا زخمی،بریدہ کیمپ کے ساحل سے مسخ شدہ لاش برآمد۔

## عوامی مسائل

تعلیم یافتہ بیروزگار افراد کا عمر کی حد میں رعایت کا پرانا نوٹیفکیشن بحال کرنے کا مطالبہ،ضلع قلعہ عبداللہ کا مواصلاتی رابطہ بدستور منقطع صارفین پریشان،صحبت پور کے نواحی علاقوں کا امداد کی عدم فراہمی کے خلاف مظاہرہ،سندھ کے سیلاب متاثرین کی بڑی تعداد حب اور وندر پہنچ گئی۔

مورخہ 31-08-2022

## اداریہ

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے **"سیلاب ہونے والے نقصانات کی بحالی و آبادکاری مشکل ترین مرحلہ مزید وسائل کے حصول کی حکمت عملی وضع کی جائے "** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان میں سیلاب سے 20 اضلاع اور لاکھوں افراد شدید متاثر ہوئے 65 ہزار سے زائد مکانات تباہ شاہراہیں اور سڑکیں بہہ گئیں صوبے میں 25 چھوٹے ڈیم ٹوٹ گئے۔ 78 دیگر ڈیمز میں دراڑیں پڑ چکی ہیں لاکھوں ایکڑ زرعی رقبے کو نقصان پہنچا جبکہ 450 سولر ٹیوب ویلز بھی متاثر ہوئے۔ صوبے میں ہلاکتوں کی تعداد 250 سے تجاویز کر چکی ہے بلوچستان کا ملک کے دیگر علاقوں سے زمینی اور ریل رابطہ اب تک منقطع ہے سوئی گیس کی پائپ لائن بہہ جانے سے صوبے کے عوام سہولت سے بھی محروم ہو گئے ہیں جبکہ بجلی کے انفراسٹرکچر کو جو نقصان پہنچا ہے اس کی وجہ سے 700 میگاواٹ بجلی کی قلت پیدائش ہوگئی ہے وزیراعظم کو یہ تفصیلات ضلع جعفرآباد کے سیلاب زدہ علاقے کے دورے پر فراہم کی گئیں وزیراعظم شہباز شریف نے متاثرین کی امداد اور بحالی کیلئے بلوچستان کو دس ارب روپے گرانٹ دینے کا اعلان کیا انہوں نے کہا کہ سیلاب سے ہونے والی تباہی و بربادی اتنی زیادہ ہے کہ اس کا ازالہ کرنے کیلئے ملک بھر کے عوام خصوصاً مخیر شخصیات اور دوست ممالک کا تعاون درکار ہوگا۔ آرمی چیف جنرل قمر باجوہ نے بھی سیلاب زدگان کی امداد اور بحالی آبادکاری کیلئے مخیر حضرات کو آگے آنے کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ بحالی اور آبادکاری کا عمل اتنا آسان نہیں اس کی تکمیل میں کئی سال لگیں گے۔ وفاقی اور صوبائی حکومتوں اور مسلح افواج کے وسائل محدود ہیں ہمیں نہ صرف اپنے عوام بلکہ بیرونی دُنیا کے تعاوُن کی بھی ضرورت ہوگی سیلاب کے ریلے تباہی و بربادی کے انمٹ نقوش چھوڑتے ہوئے اب ختم ہونے کے قریب ہیں سیلاب اور زلزلوں کے نقصانات محدود رکھنے کے منصوبے تشکیل دیئے جائیں اور ان پر مرحلہ وار عمل کیا جائے تو کوئی وجہ نہیں کہ بار بار ہونے والے ان نقصانات سے بچا نہ جاسکے۔

## اداریہ

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے **"متاثرین مشکل وقت میں صبر واستقامت سے کام لیں "** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے **" وسائل کم ہیں لیکن سیلاب زدگان کی ہر ممکن مدد کریں گے "** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے **" غذائی اشیاء کی قلت :دوٹوک اقدامات کی ضرورت"** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "Floods damagr crops on 190,000 acre in Balochistan" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ ٹرابیون ایکسپریس کوئٹہ نے "Balochistan remains disconnected from rest of country" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

## مضامین

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے **"بلوچستان اور سندھ کے سیلاب زدہ علاقوں میں حاملہ خواتین اور بچوں کی حالت زار "** کے عنوان سے رفیع اللہ مندوخیل کا مضمون شائع کیا۔

روزنامہ سینچری ایکسپریس کوئٹہ نے **"صوبائی حکومت سیلاب متاثرین کی بحالی کیلئے کوشاں "** کے عنوان سے رضا الرحمان کا مضمون شائع کیا

برائے **ڈائریکٹر جنرل**

**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 01 SEP 2022 Page No. 1

# یراعظم کی کل تک سیلاب زدہ علاقوں میں سڑکوں کی مرمت مکمل مواصلات اور بجلی نظام بحال کرنے کی ہدایت

48 گھنٹے میں بلوچستان میں تمام تر بجلی بحال اور ٹرانسمیشن لائنوں کی مرمت یقینی بنائی جائے' گوادر ٹرانسمیشن لائن کے کام میں کسی قسم کا تعطل برداشت نہیں' پاور ڈویژن سے اب تک کی بحالی کے کام کی تفصیلات طلب

خری گھر اور فرد کی آباد کاری تک چین سے نہیں بیٹھیں گے' امداد کی تقسیم و ترسیل شفاف طریقے سے کی جائے گی' صوبوں سے مل کر متاثرہ افراد کی بحالی گھروں کی تعمیر اور فصلوں کے نقصانات کا ازالہ کرینگے' اجلاس سے خطاب و متاثرین سے گفتگو

(اے پی پی) وزیراعظم شہباز شریف کی ... ملک بھر میں سیلاب سے متاثرہ بجلی، سڑکوں اور مواصلاتی نظام کی بحالی پر ہنگامی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں وزیراعظم نے ہدایت کی کہ مواصلاتی نظام کی بحالی، سڑکوں کی مرمت جمعہ کے دن تک مکمل کی جائے اور کالام سوات رابطہ سڑکیں آئندہ ہفتے تک بحال کی جائیں: وزیراعظم نے کہا پاور ڈویژن 25 اگست سے اب تک بجلی کے نظام کی بحالی کیلئے اپنے کام کی تفصیلی رپورٹ آج (جمعرات کو) پیش کرے۔ رپورٹ میں کام پر پیش رفت، اور اگر کام کہیں تعطل کا شکار ہے تو اسکی تفصیلی

بقیہ نمبر 4 صفحہ 7 پر

وجوہات بیان کرے۔ وزیراعظم نے کہا آئندہ 48 گھنٹے میں بلوچستان کی تمام تر بجلی بحال کرنے اور ٹرانسمیشن لائن کی مرمت یقینی بنائی جائے۔ پاور ڈویژن اپنے جوائنٹ سیکریٹریز اور ڈپٹی سیکریٹریز کی فیلڈ میں ڈیوٹی لگائے۔ وزیراعظم نے واضح ہدایت کی کہ پاور ڈویژن کا کوئی بھی افسر بجلی کی بحالی اور مرمت تک دفتر میں نہ بیٹھے۔ گوادر ٹرانسمیشن لائن کے کام میں کسی قسم کا تعطل کسی صورت قبول نہیں۔ ٹرانسمیشن لائن کیلئے درکار تعمیراتی سامان مقامی سطح پر تیار کیا جائے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ این ایف سی ایوارڈ کے تحت وسائل کی تقسیم سے صوبوں کی آمدن اب وفاق سے زیادہ ہے تاہم اس کے باوجود صوبوں سے مل کر سیلاب سے متاثرہ افراد کی بحالی، گھروں کی تعمیر اور فصلوں کے نقصان کا ازالہ کریں گے، یہ ہمارا قومی فریضہ ہے۔ بدھ کو وزیراعظم شہباز شریف نے سیلاب سے متاثرہ علاقہ کالام کا دورہ کیا جہاں انہوں نے سیلاب متاثرین سے ملاقات کی۔ وزیراعظم کو اس موقع پر متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائیوں اور نقصان کے حوالہ سے آگاہ کیا گیا۔ یہاں کے مقامی افراد نے وزیراعظم کو بتایا کہ صوبائی حکومت کی جانب سے یہاں پھنسے سیاحوں کیلئے جو خوراک فراہم کی گئی ہے وہ ناکافی ہے، ہم اپنے گھروں سے انہیں راشن فراہم کر رہے ہیں، ان کیلئے ہم نے تمام ہوٹلوں کے دروازے کھول دیے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اس موقع پر متاثرین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیلاب کی وجہ سے رابطے اور راستے منقطع ہیں، پاکستان کے مختلف علاقوں سے یہاں آئے سیاح پھنسے بیٹھے ہیں، ان کو یہاں سے منتقل کرنا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ وہ یہاں کے باسیوں کے شکر گزار ہیں جنہوں نے ان کا خیال رکھا ہے، یہ عظیم لوگ اور حقیقی پاکستانی کے طور پر اپنا فرض ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں ہم آپ کو اکیلا نہیں چھوڑیں گے اسی لئے خود متاثرہ علاقوں کا مسلسل دورہ کر رہا ہوں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 01 SEP 2022 Page No. 4

## ڈی آئی جی کوسٹ رینج

# سیلاب زدگان کی بحالی کیلئے مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں

**پولیس کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کی مشکلات کا خیال رکھے، 6 مختلف مقامات پر امدادی طبی ریلیف کیمپ قائم کئے ہیں، غلام اظفر میسر کی میڈیا سے بات چیت**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈی آئی جی پولیس کوسٹ رینج کیپٹن (ر) غلام اظفر میسر نے کہا ہے کہ مشکل کی گھڑی میں کوئٹہ پولیس سیلاب متاثرین کو تنہا نہیں چھوڑے گی۔ کوئٹہ پولیس کی جانب سے سیلاب متاثرین کو طبی سہولیات کی فراہمی کے لئے کوئٹہ کے 6 مختلف مقامات پر امدادی طبی ریلیف کیمپ قائم کئے ہیں جہاں پر لوگوں کو طبی سہولیات اور کھانا فراہم کیا جارہا ہے۔ یہ بات انہوں نے تھانہ ہنہ اوڑک میں لگائے جانے والے پولیس کے ریلیف کیمپ کے دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کے دوران کیا۔ اس موقع پر ایس پی آپریشنز کوئٹہ عبدالحق عمرانی اور ایس پی ستی شفقت جنجوعہ، ایس ایچ او تھانہ ہنہ گل محمد سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ ڈی آئی جی کوئٹہ کا کہنا تھا کہ آئی جی پولیس عبدالخالق شیخ کی خصوصی ہدایت پر سیلاب متاثرین کو طبی سہولیات اور کھانا فراہم کرنے کے لئے پولیس نے اپنی مدد آپ کے تحت کوئٹہ کے 6 علاقوں جس میں ہنہ اوڑک، نواں کلی، کچلاک، سریاب، مشرقی بائی پاس، بجوڑ منڈی اور دیگر علاقوں میں ریلیف کیمپ قائم کئے ہیں جہاں پر سیلاب متاثرین کو طبی سہولیات، کھانا اور پانی فراہم کیا جارہا ہے ہمیں سول انتظامیہ اور ایم ایس کوئٹہ کی جانب سے ادویات فراہم کی گئی ہے مذکورہ کیمپوں میں خواتین کے لئے الگ کیمپ لگائے جارہے ہیں جہاں پر میل اور فی میل ڈاکٹرز، ادویات موجود ہیں ہم نے یہ کیمپ قائم کرکے لوگوں کو سہولیات دے رہے ہیں متاثرین کی دیگر مشکلات کے حوالے سے کمشنر کوئٹہ ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر سمیت متعلقہ حکام کو آگاہ کریں گے۔ مخیر حضرات اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے اور یہ کیمپ متاثرین کی بحالی تک رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کی مشکلات کا خیال رکھے اور اسی لئے ہم نے یہ اقدام اٹھایا ہے کہ اس طرح معاشرے کے دیگر طبقات عوامی نمائندوں اور لوگوں کو بھی اپنا کردار ادا کرنا چاہئے تاکہ مصیبت میں پھنسے ہوئے لوگوں کی مدد کی جاسکے۔ ڈاکٹر عابد کاسی نے بتایا کہ ہنہ اوڑک اور ملحقہ علاقوں سے سیلاب متاثرین علاج کی غرض سے آرہے ہیں جنہیں مختلف تکالیف کا سامنا ہے اور ان کی بیماری کی تشخیص کرکے انہیں ادویات فراہم کی جارہی ہے محکمہ صحت کی جانب سے جو ادویات فراہم کی گئی ہے اس سے لوگوں کی مدد کی جارہی ہے اس کے علاوہ ہمیں اینٹی بائیوٹک اور ملٹی وٹامنز کی ادویات مل جائیں تو یہ بھی آنے والے مریضوں کے لئے سودمند ہوں گی۔

MASHRIQ QUETTA

# سیلاب سے پاسکو کی 4 ارب کی گندم خراب ہونے کا انکشاف

**ڈیرہ اللہ یار، خیر پور اور حیدر آباد میں پاسکو کے گودام پانی میں ڈوب گئے، ابھی بھی دو سے پانچ فٹ پانی کھڑا ہے پانی اترنے پر پتہ چلے گا کہ کتنی گندم خراب ہوئی، ایم ڈی پاسکو**

**2 لاکھ میٹرک ٹن ڈی اے پی کھاد چین، تین لاکھ میٹرک ٹن ایران سے منگوائی جارہی ہے، ایران کو کھاد کے تبادلے میں چاول ایکسپورٹ کیا جائے گا، وزارت تجارت**

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے نیشنل فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ کو بتایا گیا کہ سیلاب سے پاسکو کی 4 ارب روپے لاگت کی گندم خراب ہوئی ہے، 15 زون میں سے تین زون سیلاب سے متاثر ہوئے ہیں، پاسکو کے سینٹرز میں ابھی بھی دو سے پانچ فٹ پانی کھڑا ہے وزارت تجارت کی طرف سے بتایا گیا 2 لاکھ میٹرک ٹن ڈی اے پی کھاد چائنہ اور 3 لاکھ میٹرک ٹن ڈی اے پی کھاد ایران سے بارٹر سسٹم کے تحت منگوائی جارہی ہے ایران کو ڈی اے پی کھاد کے تبادلے میں چاول ایکسپورٹ کیا جائے گا کمیٹی نے ہدایت کی کہ گندم کی پیداوار ڈی اے پی کی وجہ سے ہوتی ہے ڈی اے پی کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ کمیٹی کا اجلاس چیئرمین کمیٹی راؤ محمد اجمل کی صدارت این اے آر سی میں منعقد ہوا وزارت تجارت نے کمیٹی کو کھاد کی دستیابی کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ 2 لاکھ میٹرک ٹن ڈی اے پی کھاد چین سے امپورٹ کی جارہی ہے۔ 3 لاکھ میٹرک ٹن ڈی اے پی کھاد ایران سے بارٹر سسٹم کے تحت منگوائی جارہی ہے ایران کو ڈی اے پی کھاد کے تبادلے میں چاول ایکسپورٹ کیا جائے گا چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ گندم کی کاشت کا ایریا آئندہ فصل پر 20 فیصد کم ہوگا سندھ میں سیلاب کا پانی دو ماہ میں نکلے گا سیلاب سے متاثرہ زمینوں کی بحالی میں وقت لگے گا گندم کی پیداوار کو پورا کرنے کیلئے حکومت کو اہم اقدامات کرنا ہونگے ایم ڈی پاسکو کی کمیٹی کو سندھ میں سیلاب سے گندم کے اسٹاک متاثر ہونے سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ پاسکو کو 12 لاکھ میٹرک ٹن گندم خریداری کا حدف ملا تھا پاسکو نے اپنے ٹارگٹ کی 100 فیصد خریداری مکمل کی تھی 3 لاکھ 31 ہزار ٹن گندم اس سال امپورٹ کی گئی ہے۔ پاسکو کے 15 زون میں سے تین زون سیلاب سے متاثر ہوئے ہیں ڈیرہ اللہ یار بلوچستان خیر پور اور حیدر آباد سندھ میں پاسکو کے گندم سٹاک متاثر ہوئے ہیں سیلاب سے پاسکو کی 4 ارب کی گندم خراب ہوئی ہے پاسکو کے سینٹرز میں ابھی بھی دو سے پانچ فٹ پانی کھڑا ہے جب پانی اترے گا تو پتہ چلے گا کہ کتنی گندم انسانی استعمال کے قابل ہے۔

## قوم کے معمار اساتذہ کی زندگیاں داؤ پر لگی ہیں حکومت مطالبات تسلیم کرے، بلوچستان ملازمین اتحاد

اساتذہ تنظیموں مزدور یونینز اور ایپکا کے زیر اہتمام احتجاجی ریلی ریگل چوک اور منان چوک پر احتجاج شدید نعرے بازی کی گئی

جی ٹی اے بی آئینی کے مطالبات تسلیم نہ ہوئے تو احتجاجی تحریک کو وسعت دینے کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کی جائے گی، خان زمان

اساتذہ حکومت کی غلط پالیسیوں کا خمیازہ بھگت رہے ہیں مسائل حل کیے جائیں، منیر بلوچ عبدالستار خان کلیم ریکی و دیگر کا خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان ملازمین اتحاد کے زیر اہتمام گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن آئینی بلوچستان کے مطالبات کی حمایت میں سینکڑوں ملازمین اساتذہ کلرک ایسوسی ایشن کے نمائندوں اور مزدوروں کی یونینز کی عظیم الشان احتجاجی ریلی کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن سے نکالی گئی جس کی قیادت ملازمین اتحاد کے سربراہ خان زمان نے کی احتجاجی ریلی میں عبدالستار خان منیر احمد بلوچ خیر محمد شاہین کلیم اللہ........ بقیہ نمبر 27 صفحہ 10 پر

ریکی محمد عمر جنگ محمد حسن بلوچ تاج محمد محمد حسنی عابد بٹ ملک وحید کاسی فضل محمد یوسفزئی بابو لاشاری اور دیگر رہنما اور مزدور و ملازمین شریک تھے احتجاجی ریلی ریگل چوک جناح روڈ منان چوک پر احتجاجی مظاہرے کرتے ہوئے واپس کیمپ پہنچی مظاہرین نے تمام راستے اساتذہ کی اپ گریڈیشن پرموشن اور مطالبات کی حمایت میں زبردست نعرے بازی کی اور بلوچستان حکومت کی سرد مہری اور ملازم دشمن رویہ کی شدید مذمت کی گئی۔ منان چوک پر احتجاجی مظاہرین سے خان زمان منیر احمد بلوچ عبدالستار خان کلیم اللہ ریکی عابد بٹ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان ملازمین اتحاد اپنا پرامن احتجاج کا سلسلہ جاری رکھے گی گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن آئینی بلوچستان کے مطالبات کی حمایت میں احتجاج کے سلسلے کو بلوچستان بھر میں وسعت دینے سے گریز نہیں کیا جائیگا۔ بلوچستان حکومت محکمہ تعلیم کے اعلیٰ حکام کی ہٹ دھرمی اور وزیراعلیٰ کی عدم توجہ کی وجہ سے تادم مرگ بھوک ہڑتال پر بیٹھے اساتذہ کی زندگیاں داؤ پر لگ چکی ہیں اساتذہ کو کیمپ میں طبی امداد دی جارہی ہے تادم مرگ بھوک ہڑتال پر بیٹھے اساتذہ کو کچھ بھی ہوا اس کی ذمہ دار حکومت ہوگی۔ رہنماؤں نے کہا کہ صوبائی وزیر تعلیم اپنے سیاسی عمل کو ملتے کے علاوہ اپنی وزارت سے جڑے ملازمین و اساتذہ کے مسائل کے پر صرف کریں تاکہ بلوچستان میں فروغ تعلیم کیلئے اساتذہ کے اہم کردار کو تسلیم کیا جائے۔ معاشی طور پر خوشحال اساتذہ ہی قوم کے ہنرمند معماروں کی بہتر تربیت کا واحد ذریعہ ہیں مگر بلوچستان میں اساتذہ حکومت کی غلط اور بلا جواز پالیسیوں کا خمیازہ بھگت رہے ہیں انہوں نے کہا کہ جواپ گریڈیشن دیگر صوبوں کے اساتذہ کو مل رہی ہیں گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن آئینی بلوچستان نے بھی صوبے کے اساتذہ کیلئے ایسی ہی اپ گریڈیشن اور مراعات کا مطالبہ کیا ہے جو فیصد جائز ہے رہنماؤں نے کہا کہ اساتذہ کے مطالبات کے حل کیلئے پرامن احتجاج اور مظاہروں کا سلسلہ جاری رہے گا بروز جمعہ 2 ستمبر کو گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن آئینی بلوچستان کے بھوک ہڑتالی کیمپ سے احتجاجی ریلی دن گیارہ بجے نکالی جائے گی اور پرامن احتجاج کیا جائے گا تمام اساتذہ تنظیمیں ملازمین مزدوروں کی یونینز بروقت شرکت یقینی بنائیں۔

INTEKHAB QUETTA

## فہیم بلوچ کو فوری عدالت میں پیش کیا جائے، ہیومن رائٹس کمیشن

صحافی اور پبلشر لالہ فہیم بلوچ کو غیر قانونی طور پر لاپتہ کیا گیا انکا مقدمہ زندگی اور موت کا مسئلہ ہے، اسد اقبال بٹ

ایک عرصے سے لوگوں کو اٹھایا جارہا ہے، فہیم بلوچ کو رہا نہ کیا گیا تو ہم مقدمات پر دھرنے دینگے، صحافی کے اہلخانہ کے ہمراہ پریس کانفرنس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کے چیئرمین اسد اقبال بٹ نے کہا ہے کہ پبلشر اور صحافی لالہ فہیم بلوچ کو ایک ہفتے کے اندر عدالت میں پیش کیا جائے یا ان کو رہا نہیں کیا گیا تو وہ اہم مقامات پر دھرنا دینے پر مجبور ہونگے انہوں نے کہا کہ لالہ فہیم بلوچ کا مقدمہ زندگی و موت کا مسئلہ ہے انہیں غیر قانونی اور غیر آئینی طریقے سے لاپتہ کیا گیا ہے وہ بدھ کو کراچی پریس کلب میں فہیم بلوچ کے لواحقین بقیہ نمبر 80 صفحہ 7 پر

کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کررہے تھے انہوں نے کہا کہ لالہ فہیم بلوچ کو بغیر کسی قانونی آئینی اور اخلاقی طریقے کے بجائے اٹھا کر لے گئے ہیں جو سراسر قانون کی خلاف ورزی ہے دراصل یہ ریاست خوف زدہ اور شدید بحران کا شکار ہے انہوں نے کہا کہ ایک عرصے سے لوگوں کو اٹھایا جارہا ہے جبکہ ان کے خاندان کو نہیں بتایا جاتا ہے حکومتی ادارے مسلسل قانون کی خلاف ورزی کررہے ہیں کرامت علی نے کہا کہ لالہ فہیم کی گمشدگی کی جتنی مذمت کی جائے وہ کم ہے ریاست کو تمام شہریوں کے ساتھ برابر کا سلوک کرنا چاہیے لاپتہ افراد کو 24 گھنٹے میں عدالت میں پیش کیا جائے اس وقت ملک برے حال میں ہے اس کے بھیانک اثرات سامنے آئیں گے لالہ فہیم بلوچ کی کزن امہ حبیبہ ایڈووکیٹ نے کہا کہ ان کو کراچی کے علاقے اردو بازار سے 26 اگست کی شام ساڑھے آٹھ بجے سول وردی میں ملبوس تین لوگ تین کمانڈوز کے ساتھ ان کی بک شاپ علم و ادب پبلشرز اینڈ بک سیلرز واقع بک مال تھرڈ فلور اردو بازار سے لے کر گئے ہیں انہوں نے کہا کہ لالہ فہیم بلوچ کے اغواء میں سندھ پولیس کی معاونت تھی اور سندھ پولیس براہ راست اس واقعہ میں ملوث ہے انہوں نے کہا کہ لالہ فہیم کا بنیادی تعلق بلوچستان کے ضلع پنجگور کے علاقے وشبود سے ہے وہ ایک طویل عرصے سے نیول کالونی کراچی میں رہائش پذیر ہیں ان کے اغواء کا واقعہ 29 اگست 2022 کو ایف آئی اے پریڈی تھانے میں درج کرائی گئی انہوں نے کہا کہ فہیم کی رہائی کیلئے انہوں نے سندھ ہائی کورٹ بھی رجوع کیا ہے انہیں امید ہے کہ عدالت سے انہیں انصاف ملے

## صحافیوں کا پیمرا دفتر کے سامنے احتجاجی کیمپ تیسرے روز بھی جاری

نجی چینل کو بحال نہ کیا گیا تو احتجاج کا دائرہ وسیع کرینگے، مظاہروں کا مطالبہ

کوئٹہ (آن لائن) پی ایف یو جے کی کال پر ملک بھر کی طرح کوئٹہ میں بھی اے آر وائی نیوز کی بندش اور ہزاروں میڈیا کارکنوں کے معاشی قتل کے خلاف پیمرا کے ریجنل دفتر سامنے احتجاجی کیمپ تیسرے روز بھی جاری رہا۔ بی یو جے کی جانب سے صحافیوں نے شدید احتجاج بقیہ نمبر 72 صفحہ 7 پر

کرتے ہوئے اے آر وائی نیوز کی بندش کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے فوری طور پر نشریات بحال کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔ قائدین نے حکومت پر واضح کیا کہ چینل کو بحال نہ کیا گیا تو احتجاج کا دائرہ کار وسیع کیا جائے گا۔ پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کی ملک گیر احتجاج کے کال پر بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کی جانب سے کوئٹہ میں پیمرا دفتر کے سامنے تیسرے روز بھی احتجاجی کیمپ جاری رہا۔

## کوئٹہ: گاڑی پر موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ، بنک منیجر جاں بحق

### اے ون سٹی کا رہائشی عطاء اللہ ڈیوٹی کے بعد گھر جا رہا تھا، ملزمان فرار، لاش ورثا کے حوالے کر دی گئی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) اسپنی روڈ پر گاڑی پر موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے نیشنل بینک کا منیجر جاں بحق ہو گیا پولیس کے مطابق بروری کے علاقے اے ون سٹی کا رہائشی نیشنل بینک سٹی برانچ کا منیجر عطاء اللہ ولد عبدالغنی بدھ کی شام ڈیوٹی کے بعد گاڑی میں گھر جا رہا تھا اسپنی روڈ پر نامعلوم موٹر سائیکل سوار اس پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے جسکے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی گئی۔

## قلات: مفرور ملزم گرفتار

قلات (نامہ نگار) قلات پولیس نے مطلوب مفرور ملزم منیر احمد ولد بہادر خان قوم دہوار سکنہ بالو قلات کو گرفتار کر لیا۔ ملزم قلات پولیس کو اغواء کے مقدمہ میں مطلوب تھا مزید ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے۔

## قلات میں بم دھماکہ، ایک شخص جاں بحق، دوسرا زخمی

کوئٹہ (این این آئی) قلات کے علاقے میں شیخڑی میں بم دھماکے سے ایک شخص جاں بحق اور دوسرا شدید زخمی ہو گیا، سیکورٹی فورسز حکام کے مطابق بدھ کو قلات کے علاقے شیخڑی میں پی پی ایل کی سائٹ کے قریب بم دھماکے کے نتیجے میں تاج محمد نامی شخص جاں بحق جبکہ محمد رمضان زخمی ہو گیا دھماکے کے بعد سیکورٹی فورسز نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر لاش اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی جاری ہے۔

## بریدہ کیمپ کے ساحل سے مسخ شدہ لاش برآمد

بیلہ (نامہ نگار) بریدہ کیمپ کے قریب ساحل سے مسخ شدہ لاش برآمد ہوئی ہے ایدھی ذرائع کے مطابق رضا کاروں نے لاش رورل ہیلتھ سینٹر وندر منتقل کی جہاں ڈاکٹرز کے مطابق لاش 35 سے 40 سال کے عمر کے شخص کی ہے جو شناخت کیلئے کراچی منتقل کر دی گئی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 01 SEP 2022 Page No. 12


# سندھ کے سیلاب متاثرین کی بڑی تعداد حب اور وندر پہنچ گئی

لسبیلہ کے عوام جو خود ہی سیلاب سے بری طرح متاثر ہیں' سندھ سے آنے والے ہزاروں سیلاب متاثرین سے گھمبیر مسائل سے دوچار ہونے کے خدشات ہیں

**2010 کے سیلاب میں سندھ کے متاثرین کی بڑی تعداد حب، وندر، اوتھل اور بیلہ کے کیمپوں میں آئی مگر واپس جانے کے بجائے یہی آباد ہو گئے تھے**

حب (نمائندہ انتخاب) سندھ سیلاب متاثرین کی بڑی تعداد حب اور وندر پہنچ گئی لسبیلہ کے عوام پہلے خود ہی سیلاب سے بُری طرح متاثر ہوئے ہیں اور یہاں پر معمولات زندگی مفلوج ہو کر رہ گئے ہیں تاہم سندھ سے آنے والے ہزاروں کی تعداد میں سیلاب متاثرین کی آمد سے مسائل گھمبیر ہونے کے خدشات ہیں اس حوالے سے عوامی حلقوں نے اپنے تحفظات اور خدشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ کے مختلف علاقوں سے سیلاب متاثرین کی ایک بڑی تعداد حب اور وندر پہنچی ہے جبکہ اس بار ضلع لسبیلہ کے عوام خود بھی پہلے سے سیلاب اور شدید بارشوں کی وجہ سے بقیہ نمبر73 صفحہ 7 پر

بُری طرح سے متاثر ہوئے ہیں اور اب بھی معمولات زندگی بری طرح سے مفلوج ہیں اور بحالی کا کام شروع نہ ہو سکا ہے اور پہلے سے مصیبت زدہ لوگوں پر نئے سیلاب زدگان کی آمد سے یہاں کے مسائل مزید گھمبیر ہونے کے خدشات ہیں عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ اس سے قبل 2010ء میں اندرون سندھ کے مختلف علاقوں سمیت سندھ صوبہ کی سرحدی پٹی سے ملحقہ اندرون بلوچستان کے ہزاروں افراد سیلاب سے متاثر ہو کر حب سمیت وندر، اوتھل اور بیلہ میں پناہ گزین ہوئے جو کہ بعد ازاں سیلاب ختم ہونے کے بعد انکی اکثریت اپنے گھروں کو واپس جانے کے بجائے انہی علاقوں میں آباد ہوگئی

# گندم کے ذخائر ختم، فلور ملز بند، بلوچستان میں آٹا بحران کا خدشہ

صوبائی محکمہ خوراک کے پاس اس وقت 3 لاکھ بوری گندم کا ذخیرہ ہے جبکہ صوبے کو ماہانہ 15 لاکھ بوریوں کی ضرورت ہے

**بجلی کی بندش اور محکمہ خوراک کے پاس گندم نہ ہونے کی وجہ سے فلور ملز بند ہو رہی ہیں، صوبائی حکومت معاملے کا سنجیدگی سے نوٹس لے، فلور ملز ایسوسی ایشن**

کوئٹہ (آئی این پی) پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن کے سابق مرکزی چیئرمین بدرالدین کاکڑ نے محکمہ خوراک بلوچستان کی جانب سے صوبے کیلئے درکار گندم کوٹہ کی خریداری پورا کرنے میں ست روی اور فلور ملز کو بجلی کی سپلائی بند کرنے پر تشویش کا اظہار کرتے بقیہ نمبر 8 1 صفحہ 7 پر

ہوئے کہا ہے کہ حکومت اور محکمہ خوراک کا غیر ذمہ دارانہ رویہ صوبے میں آٹا بحران کا باعث بنے گا، گزشتہ روز میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے بدرالدین کاکڑ کا کہنا تھا کہ انکے کے معلومات کے مطابق موجودہ حالات صوبائی محکمہ خوراک کے پاس صرف 3لاکھ بوری گندم کا ذخیرہ موجود ہیں جبکہ صوبے کی ضروریات پوری کرنے کیلئے ہمیں ماہانہ 15 سے 16لاکھ گندم بوریوں کی ضرورت پڑتی ہیں، ہم فلور ملز مالکان طویل عرصے سے یہ چیخ و پکار کر رہے ہیں کہ محکمہ خوراک بلوچستان کی جانب سے صوبے کیلئے درکار گندم کوٹے کی خریداری میں لیت و لعل سے کام لیا جارہا ہے بلکہ فلور ملز مالکان کو زرعی سیزن میں گندم کی خریداری سے روکنے کیلئے مختلف قدغنیں لگائی گئیں جن میں گندم کی بین الصوبائی و بین الاضلاعی نقل و حمل پر پابندی شامل ہیں

# بلوچستان میں 19 فیصد بچے شدید غذائی کمی کا شکار ہیں' ڈاکٹر سمیع کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پروگرام برائے لیڈی ہیلتھ ورکرز بلوچستان کے کوارڈی نیٹر ڈاکٹر سمیع کاکڑ نے کہا ہے کہ پیدائش کے فوری بعد بچے کو صرف اور صرف ماں کا دودھ پلانا چاہیے اور چھ ماہ کے بعد بچے کو بقیہ نمبر56 صفحہ 7 پر

ماں کے دودھ کے ساتھ نرم اضافی خوراک دینی چاہیے، 2018ء میں کیے گئے سروے کے مطابق بلوچستان میں 61.1 فیصد مائیں بچوں کو پیدائش کے آدھے گھنٹے کے اندر اپنا دودھ پلانا شروع کر دیتی ہیں۔ یہ بات انہوں نے نیشنل پروگرام برائے لیڈی ہیلتھ ورکرز بلوچستان کے دفتر میں منعقدہ سیمینار میں بریفنگ دیتے ہوئے بتائی۔

## بیلہ: سیلاب نے کوئی اسکول سلامت نہیں چھوڑا، عمارتیں زمین بوس ہونے کا خطرہ

**حکومت بلوچستان کے تعلیمی ذمہ داروں نے خستہ حال عمارتوں کے پیش نظر 3 ماہ سے تعلیمی سرگرمیاں بند کر رکھی ہیں مگر محکمہ تعلیم نے 5 ستمبر سے انہیں کھولنے کا اعلان کر رکھا ہے**

**حالیہ بارشوں اور سیلابی ریلوں سے متاثرہ تحصیل بیلہ کے تمام بوائز اور گرلز اسکولز کی تعمیر و مرمت کر کے طلبہ کو خطرات سے محفوظ بنایا جائے، عوامی حلقوں کا مطالبہ**

بیلہ (رپورٹ قادر بخش رونجھو) تحصیل بیلہ میں حالیہ مون سون کی شدید بارشوں اور سیلابی ریلوں نے تحصیل بیلہ کے تمام ہائی۔ مڈل اور پرائمری اسکولز کی عمارتوں کو اس قدر شدید متاثر کیا ہے کہ وہ اب ان اسکولز کی عمارتوں میں طلبا و طالبات کے لئے تعلیم حاصل کرنا بقیہ نمبر 60 صفحہ 7 پر

اپنی جانوں سے کھیلنے کے مترادف ہے جس کی واضح مثال ہے کہ شرگاہ نمنٹ بلوچستان کے تعلیمی ذمہ داران نے بھی تحصیل بیلہ کے اسکولز کی خستہ حال عمارتوں کو دیکھ کر گزشتہ تین ماہ سے تعلیمی سرگرمیاں بند کر رکھی ہیں مگر اب محکمہ تعلیم بلوچستان کے ذمہ داران نے پانچ ستمبر کو دوبارہ تحصیل بیلہ میں تعلیمی سرگرمیاں شروع کرنے کا اعلان کر رکھا ہے اگر واقعی تحصیل بیلہ کے اسکولز میں حکومتی اعلان کے مطابق اگر تعلیمی سرگرمیاں شروع کی گئی تو ان خستہ حال اسکول کی عمارتیں جو زمین بوس ہونے کو ہیں یہ عمارتیں طلبا و طالبات کی تعلیم حاصل کرنے کے دوران ایک بہت بڑے حادثے کا باعث بن سکتے ہیں افسوس کا مقام کہ محکمہ تعلیم بلوچستان کے ذمہ داران تحصیل بیلہ کے اسکولز کے عمارتوں کی خستہ حالی کو سمجھنے کے باوجود پھر بھی طلبا و طالبات کی زندگیوں کو محفوظ بنانے کے لئے عملی طور پر اقدامات اٹھا کر ان خستہ حال عمارتوں کی تعمیر و مرمت کے لئے کوئی اقدام نہیں اٹھا رہی جو کہ ایک سوالیہ نشان ہے تحصیل بیلہ کے اسکولز کی والدین کمیٹی اور عوامی حلقوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے مطالبہ کیا ہے کہ کہ حالیہ بارشوں اور سیلابی ریلوں سے متاثرہ تحصیل بیلہ کے تمام بوائز اور گرلز اسکولز کی تعمیر و مرمت کو یقینی بنا کر طلبا و طالبات کو درپیش خطرات سے محفوظ بنائیں

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ میں حالیہ مون سون بارشوں اور سیلابی ریلوں سے 150 کے قریب اسکولوں کی عمارتیں تباہ ہوگئی بقیہ نمبر 81 صفحہ 7 پر

جن میں 30 سے زائد ایسے اسکول ہیں جن کے بلڈنگز سیلابی ریلے میں بہہ گئے جبکہ طلبا ٹینٹ لگا کر تعلیم حاصل کر رہے ہیں ذرائع نے "آن لائن" کو بتایا حکومت بلوچستان کو اس کی تمام تفصیلات ارسال کردی ہے تاکہ ان کو دوبارہ آباد کاری اور مرمت کا کام کیا جاسکے تاکہ صوبے میں تعلیمی سلسلے کو جاری رکھا جاسکے

AZADI QUETTA

## بارش و سیلاب سے تربت سے زیادہ تباہی ہوئی، عالمی ادارے مدد کریں: آل پارٹیز کیچ

**ہزاروں لوگ بے گھر ہوگئے ہیں، متاثرین خشک روٹی اور صاف پانی کے محتاج بن گئے ہیں**

**حکومت اور ایکٹنگ گورنر بلوچستان وفاقی حکومت اور عالمی ڈونرز سے اپیل کریں اور آن لائن ڈونیشن جمع کرنے کا سلسلہ شروع کرے، مطالبہ**

تربت (بیورو رپورٹ) آل پارٹیز کیچ کے ترجمان نے کہا ہے کہ ضلع لسبیلہ، ضلع نصیر آباد، صحبت پور، ڈیرہ مراد جمالی سمیت بلوچستان کے دیگر اضلاع میں حالیہ سیلابی سلسلوں نے تباہی مچا رکھی ہے، ہزاروں لوگ بے گھر ہوگئے ہیں، متاثرین خشک روٹی اور صاف پانی کے محتاج بن گئے ہیں، آل پارٹیز کیچ مطالبہ کرتا ہے کہ بلوچستان حکومت اور ایکٹنگ گورنر بلوچستان وفاقی حکومت اور عالمی ڈونرز سے اپیل (بقیہ نمبر 2 صفحہ نمبر 7 پر)

کریں اور آن لائن ڈونیشن جمع کرنے کا سلسلہ شروع کرے۔ سیلاب کی تباہ کاریوں اور متاثرین کی امداد کے لیے تربت کے فلاحی و دیگر تنظیموں کے ساتھ سرکاری اداروں کی کوششیں قابل ستائش ہیں۔ اسی تناظر میں آل پارٹیز کیچ تربت میں علاوہ ازیں کمشنر کیچ، الخدمت فاؤنڈیشن کیچ، حق دو تحریک کیچ، تربت پولیس اور انجمن تاجران کیچ کی جانب سے لگائے گئے امدادی کیمپوں کی مکمل حمایت کرتی ہے۔ آل پارٹیز کیچ ضلع کیچ کی عوام، سیاسی و سماجی، کاروباری اور مخیر حضرات سے اپیل کرتی ہے کہ اس مشکل کی گھڑی میں اپنے متاثرہ بھائیوں اور بہنوں کا دل کھول کر مدد کریں اور آل پارٹیز کیچ کے اتحادی پارٹیوں کے کارکنان امدادی کیمپوں کا دورہ کر کے نقدی رقم، کپڑے، جوتے، بستر اور برتن پہنچائیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 01 SEP 2022 Page No. 14


## مشکل گھڑیاں، مسائل بے شمار اور وسائل محدود!!

جوں جوں وقت گزر رہا ہے ملک میں حالیہ طوفانی بارشوں اور اس کے نتیجے میں آنے والے سیلاب کی تباہی کھل کر سامنے آ رہی ہے صورتحال کس قدر سنگین اور ناقابل یقین حد تک تشویشناک ہے اس کا اندازہ اس امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ کروڑوں متاثرین امداد کے منتظر، مواصلات کا نظام درہم برہم اور مجموعی انفراسٹرکچر اس حد تک متاثر ہوا ہے کہ بیک وقت کئی مسائل درپیش آ چکے ہیں حکومت حیران ہے کہ متاثرین تک ادویات اور خوراکی اشیاء پہنچائے، غذائی قلت کے خدشات کے آگے بند باندھے، مواصلات وتعمیرات پر توجہ دے یا پھر سیلاب کے مابعد کے نقصانات سے نمٹنے کی کوشش کرے ماہرین صحت خبردار کر رہے ہیں کہ آنے والے دنوں میں سیلاب زدہ علاقوں میں پچاس لاکھ افراد کے بیمار ہونے کا خدشہ موجود ہے کیونکہ موسم بدل رہا ہے آلودہ پانی، مچھروں کی بہتات اور دیگر موسمی بیماریاں پھیلیں تو المیہ جنم لے سکتا ہے متاثرہ علاقوں میں خوراکی اشیاء سے لے کر ادویات تک ہر شئے کی قلت ہے وجہ یہ نہیں کہ خدانخواستہ مشکل اور آزمائش کی اس گھڑی میں حکومت کچھ نہیں کر رہی اور ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھی ہے بلکہ وجہ یہ ہے کہ مسائل بہت ہی زیادہ اور وسائل انتہائی محدود ہیں اس کے باوجود حکومت محدود وسائل کے ساتھ درپیش سنگین مسائل سے نمٹنے کی تگ و دو کر رہی ہے بلوچستان سمیت ملک بھر میں امداد و بحالی کی سرگرمیاں جاری ہیں وفاقی حکومت، صوبائی حکومتیں، نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی، پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی، ضلعی انتظامیہ بھی لگے ہوئے ہیں سول انتظامیہ کی مدد اور معاونت کے لئے پاک فوج مسلسل میدان عمل میں ہے امداد و بحالی کی سرگرمیاں جاری ہیں لیکن اصل مسئلہ یہ درپیش ہے کہ مشکل اور آزمائش کی ان گھڑیوں میں جب ہر طرف مسائل ہی مسائل ہیں وسائل انتہائی محدود ہیں دوست ممالک اور مختلف سماجی تنظیموں کی جانب سے امداد و بحالی کی سرگرمیوں میں خاطر خواہ مالی معاونت کی جا رہی ہے لیکن ضرورت اس بات کی ہے کہ عالمی برادری اجتماعی انسانی ہمدردی کے تحت آگے بڑھے اور مصیبت زدگان کی مدد میں حکومت کی معاونت کرے اس بات کی ضرورت پر گزشتہ روز اقوام متحدہ نے بھی زور دیا ہے اور دنیا سے آگے بڑھنے اور مدد کی باقاعدہ اور باضابطہ اپیل کی ہے۔اقوام متحدہ نے سیلاب متاثرین کے لئے عالمی برادری سے کم از کم 35ارب روپے کی ہنگامی مدد کی اپیل کی ہے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے کہا ہے کہ عالمی برادری مشکل کی اس گھڑی میں پاکستان کی مدد کے لئے آگے بڑھے گزشتہ روز اقوام متحدہ کے رکن ممالک سے ہنگامی مدد طلب کرنے کے حوالے سے دفتر خارجہ میں تقریب منعقد سے خطاب کرتے ہوئے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کا کہنا تھا کہ بارشوں اور سیلاب سے پاکستان میں بہت زیادہ تباہی ہوئی ہے، انفراسٹرکچر تباہ ہو گیا، سیلاب سے متاثرہ افراد کے لئے پاکستان کو امداد کی ضرورت ہے، گرین ہاؤس گیسز عالمی حدت میں اضافے کا سبب بن رہی ہیں، سیلاب متاثرین کے لئے پاکستان کو 160ملین ڈالر امداد کی ضرورت ہے۔ماحولیاتی تبدیلی کے باعث آنے والی قدرتی آفت کے نتیجے میں ایک ہزار سے زائد افراد جان کی بازی ہار چکے ہیں (یہ تعداد غیر معمولی حد تک بڑھ چکی ہے اور مزید بڑھ رہی ہے) لاکھوں لوگ بے گھر ہو چکے، اسکول تباہ ہو چکے، اسباب زندگی برباد ہو چکے، اہم انفراسٹرکچر نیست و نابود ہو گیا تباہ کن سیلاب سے ملک کا ہر صوبہ بری طرح متاثر ہوا ہے۔یو این سیکرٹری جنرل نے کہا کہ بطور یو این ہائی کمشنر برائے پناہ گزین میں نے پاکستان کے لوگوں کی فراخ دلی دیکھی ہے، انہوں نے اپنے محدود وسائل کے ساتھ لاکھوں افغان پناہ گزینوں کی مدد کی، ایسے فیاض لوگوں کی مشکلات نے میرا دل توڑ دیا ہے۔متاثرین کی مدد کے لئے پاکستانی حکومت نے نقد رقم دینے کے ساتھ دیگر امدادی کارروائیوں کے لئے فنڈز جاری کئے ہیں لیکن تباہی اتنے بڑے پیمانے پر ہے کہ مطلوبہ ضروریات سیلابی پانی کی طرح بڑھتی ہی جا رہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ موجودہ صورتحال پوری دنیا کی توجہ اور ترجیحات کا تقاضا کرتی ہے، اقوام متحدہ سولہ کروڑ ڈالرز کی فلیش اپیل کر رہا ہے، یہ فنڈ باون لاکھ لوگوں کو خوراک، پانی، صفائی، ہنگامی تعلیم، تحفظ اور صحت کی مدد فراہم کرے گا مذکورہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خارجہ بلاول بھٹو نے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ اقوام متحدہ کی فلیش اپیل پر بھرپور ردعمل دے کر ضرورت مند پاکستانیوں کی مدد کریں کیوں کہ ہمیں نہ صرف فوری ریلیف ریسکیو کوششیں کرنی ہیں بلکہ تباہ ہونے والے علاقوں کی بحالی اور تعمیر نو بھی کرنی ہے یہاں اس بات کا بھی ذکر ضروری ہے کہ وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کے ہمراہ گزشتہ روز بیس سے زائد ممالک کے سفارت کاروں اور عالمی اداروں کے نمائندوں نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا فضائی دورہ کیا سفارت کاروں اور عالمی اداروں کے نمائندگان نے سندھ، بلوچستان اور خیبرپختونخوا کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا اور تمام تر نقصانات اور صورت احوال کا اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کیا ہونے والے نقصانات اتنے ہمہ گیر ہیں کہ اور اس قدر سنگین ہیں کہ ہر طرف تباہی اور بے بسی کی داستانیں بکھری پڑی ہیں حالیہ غیر متوقع طوفانی بارشوں کو موسمیاتی تبدیلی کا نتیجہ قرار دیا جا رہا ہے موسمیاتی تبدیلی کہیں یا جو بھی لیکن امر واقعی یہی ہے کہ امسال ہونے والی طوفانی بارشوں نے تمام ریکارڈ توڑ دیئے ہیں یوں تو پانی آبادی کا ذریعہ ہے بارشیں نہ ہوں اور خشک سالی ہو تو انسان کراہ اٹھتے ہیں لیکن یہاں تو اتنا پانی برسا کہ ہر طرف پانی ہی پانی کھڑا ہو گیا اب بھی سینکڑوں شہر اور قصبے سیلاب کی زد میں ہیں اور جس وسیع پیمانے پر نقصانات ہوئے ہیں ہمیں ان نقصانات سے نکلنے میں ایک مدت لگ جائے گی لیکن مایوسی کفر بھی ہے اور گناہ بھی ہمیں مایوس نہیں ہونا چاہئے حکومت پر پختہ اعتماد رکھتے ہوئے ہمیں اطمینان رکھنا چاہئے کہ حکومت اور تمام متعلقہ ادارے دن دیکھ رہے ہیں نہ رات امداد و بحالی کی سرگرمیوں میں مصروف عمل ہیں کمی اور کمزوریاں بھی ہو سکتی ہیں جیسا کہ بعض علاقوں سے شکایات آ رہی ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ ہر طرف تباہی اور بربادی کی داستانیں بکھری پڑی ہیں حکومت چاہ کر بھی اتنے ہمہ گیر نقصانات سے اکیلے نہیں نمٹ سکتی مشکل کی اس گھڑی میں پوری دنیا کو اقوام متحدہ کی اپیل پر آگے بڑھنے کی ضرورت ہے یہ عمل جس قدر برق رفتاری سے ہو اتنا ہی سودمند ہے کیونکہ تاخیر اور التواء سے نہ صرف مسائل میں اضافہ ہوگا بلکہ ان کی سنگینی بھی بڑھتی چلی جائے گی اور یوں صورتحال ناقابل یقین حد تک ہنگامی اور انسانی المیوں سے لبریز ہو سکتی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 01 SEP 2022 Page No. 15


## خوشحالی کے لئے نہایت سنجیدگی سے سوچنا ہوگا!

سیلابی تباہی کی صورت حال اندازوں سے کہیں زیادہ سنگین ہے۔3 کروڑ سے زیادہ پاکستانی بے گھر ہیں، معصوم بچوں کے ساتھ کھلے آسمان تلے بے یارومددگار پڑے ہیں۔ مائیں بھوک سے بلبلاتے بچوں کی طرف اشارہ کرکے کہہ رہی ہیں:۔۔۔۔ ''انہیں غذا نہ ملی تو بھوک سے مرجائیں گے''۔ یہ مناظر جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے ہر گھر تک پہنچ چکے ہیں 3 گھنٹوں میں دکھی انسانیت سے پیار کرنے والے پاکستانیوں کی جانب سے 500 کروڑ سے زائد عطیات کا اعلان روشن مستقبل کی نوید ہے۔ مصیبت کے وقت مدد کے لئے مخیر حضرات کا اتنی بڑی تعداد میں اٹھ آنا مصیبت زدگان کے لئے حوصلہ افزا خبر ہے۔ اس کے علاوہ راشن اور اجناس کی شکل میں سامان جمع کرنے والے مراکز سے درجنوں ٹرکوں کی متاثرہ علاقوں کی جانب روانگی سے مصیبت زدگان کی مشکلات کم ہونا شروع ہوجائیں گی۔ یہ درست ہے کہ اس مرتبہ بڑے پیمانے پر تباہی سے نمٹنے کے لئے تشکیل دیئے گئے محکمہ (نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی NDMA) کی کارکردگی مایوس کن رہی۔ اسے بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ خامیوں کو دور کیا جائے۔ اب موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سامنے آنا شروع ہوگئے ہیں۔ ایک کے بعد ایک تباہی کی نئی شکل سامنے آئے گی۔ زلزلہ کی صورت میں تباہی مظفرآباد اور اس کے گردونواح میں آچکی ہے۔ این ڈی ایم اے اس سے نمٹنے کیلئے بنی تھی۔ اتنا بڑا سیلاب ماضی میں نہیں آیا تھا، فاضل پور کی تباہی میں بااثر افراد کا گھناؤنا کردار بھی دیکھا گیا ہے۔ مستقبل میں مناسب منصوبہ بندی نہ کی گئی، غفلت برتی گئی تو نقصانات بڑھتے رہیں گے۔ دریاؤں کی گزرگاہ پر سیاحوں کے لئے ہوٹل تعمیر کرتے وقت ایسا طریقہ اپنایا جائے کہ سیلابی ریلا آسانی سے گزر جائے۔ اس کا قدرتی راستہ مسدود نہ کیا جائے۔ سوات میں تباہی کا سبب یہی تھا کہ سیلابی ریلے کے لئے راستہ تنگ ہوگیا تھا۔ نیو ہنی مون ہوٹل گزرگاہ میں تعمیر کیا گیا، نتیجہ سب نے دیکھ لیا۔ اس تباہی سے یہ سبق ملتا ہے کہ منافع خوری انسانی جانوں کی قیمت پر نہ کی جائے۔

یہ حقیقت فراموش نہ کی جائے کہ دنیا کے دیگر ممالک نے بھی ایسی مشکلات دیکھی ہیں۔ مشکلات پر قابو پانے کے طریقے سوچے گئے۔ اور اپنی غلطیوں کی اصلاح کرکے نقصانات پر قابو پالیا۔ اگر دنیا کے دیگر ممالک ترقی کرسکتے ہیں تو ہمیں یقین ہونا چاہیے کہ ایک دن پاکستان بھی اپنی خامیاں دور کرکے خوشحال ملک بن جائے گا۔ لیکن ترقی اور خوشحالی غلط حکمت عملی، ادھورے اندازوں اور بے بنیاد مفروضوں کے سہارے نہیں ملتی۔ ذاتی اور گروہی مفادات سے بالاتر ہوکر اجتماعی مفاد کو بنیادی حیثیت دی جائے۔ مخلصانہ طرزعمل اپنایا جائے۔ پاکستان میں بھی بہترین نتائج ملیں گے۔ پاکستان کو قدرت نے دنیا کی ہر نعمت سے نوازا ہے۔ حسین برف پوش چوٹیوں کے ساتھ بلند و بالا پہاڑ، دریا، وسیع و عریض اراضی، جفاکش افرادی قوت، طویل ساحل، سمندری وسائل سے مالا مال بحیرہ عرب اور قیمتی معدنی وسائل سمیت ہر وسیلہ پاکستان کے پاس موجود ہے۔ بدقسمتی سے قدرتی وسائل کو 75 برسوں میں درست انداز اور عوامی مفادات میں انہیں استعمال نہیں کیا گیا۔ اور جو استعمال ہوئے ان کے ثمرات عام آدمی تک نہیں پہنچے۔ تانبے اور سونے کے ذخائر جس ملک کے پاس ہوں وہ آئی ایم ایف کے دروازے پر قطار بنائے نظر نہیں آتے۔ پاکستان کا 22 بار جانا اپنی جگہ خود ایک بہت بڑا سوالیہ نشان ہے۔ قرض ملنا کوئی کارنامہ نہیں کہ اس پر ایک دوسرے کو مبارکباد دی جائے۔ ابھی مبارکباد کا وقت بہت دور ہے۔ اگر ماضی کی غلطیاں دہرانے کا سلسلہ نہ رکا، خورد برد جاری رہی، تو عوام اسی طرح مختصر وقفوں کے بعد کروڑوں کی تعداد میں کھلے آسمان تلے بے یارومددگار دکھائی دیں گے۔ پسماندگی اور رسوائی سے بچنے کی سنجیدہ کوشش درکار ہے۔ ملک میں بھارت اور چین کی طرح مناسب تعداد میں ڈیم تعمیر کیے جائیں۔ ندی نالوں اور دریاؤں کی گزرگاہوں میں بستی آبادیاں، ہاؤسنگ سوسائٹیز اور تجارتی مراکز تعمیر نہ کیے جائیں۔ ورنہ سیلابی ریلے اسی طرح سب کچھ بہا کر لے جاتے رہیں گے۔ اللہ نے انسانوں کو شعور دیا ہے، قدرتی وسائل کو درست انداز میں استعمال کریں، عوام کے لئے آسانیاں تلاش کریں، مصائب کو دعوت نہ دیں۔ ترقی اور خوشحالی کی پلاننگ کی جائے۔ دوسرا کوئی راستہ نہیں۔

پر 22 مرتبہ کشکول اٹھانے پر نظر تو سمجھ لینا چاہیے کہ اس کے معاشی نظام میں کوئی بڑی خرابی ہے جو تمام قدرتی وسائل سے استفادہ کی راہ میں رکاوٹ بنی ہوئی ہے، اور ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت قرضوں کی طرف دھکیلا گیا ہے۔ ریکوڈک تانبے اور سونے کا ذخیرہ دنیا کے بڑے ذخائر میں سے ایک ہے۔ حکمرانوں کی نااہلی کا اندازہ لگائیں کہ اس منافع بخش منصوبے کو بھی اربوں ڈالر نقصان کا منصوبہ بنا دیا تھا۔ عوام بے بس ہیں، ان کے ہاتھ میں کوئی اختیار نہیں۔ معاہدوں پر دستخط کرنے والے حکمران سب کچھ اپنی جیبوں میں ڈالنے کا فن بھی جانتے ہیں اور لوٹنے کے بعد نشانات بھی نہیں چھوڑتے۔ عوام کو قرض ادا کرنے کی مشین بنا دیا گیا ہے۔ آنے والے دنوں میں عوام پر کیا گزرتی ہے اس کا علم ہر مہینے نت نئے ٹیکسوں کی صورت میں ہوگا۔ ابھی تو ایک دوسرے کو معاہدے کی منظوری کی مبارکباد اور شاباشی دی جارہی ہے۔ اتنی بڑی قدرتی آفت کا مقابلہ تنہا پاکستان کے لئے ممکن نہیں، ایسے مشکل وقت پر اقوام متحدہ کی جانب سے امداد کا اعلان ایک بہت بڑی نعمت کے مترادف ہے۔ لیکن ضروری ہے امدادی رقوم اور سامان اصل مصیبت زدگان تک پہنچنے کا عمل صاف اور شفاف بنایا جائے۔ ماضی میں خورد برد کی ایک سے زائد شکایات منظر پر آتی رہیں مگر کسی کو سزا نہیں دی گئی۔ تفصیلات میڈیا اور عام آدمی کی یادداشت میں محفوظ ہیں۔ حکمران بھی واقف ہیں۔ پاکستان کا المیہ یہی ہے کہ عام آدمی کو انسانی حقوق سے مسلسل محروم رکھا گیا ہے۔ تعلیم، علاج معالجہ، اور روزگار کی فراہمی حکمرانوں کی اولین ترجیح نہ ہونے کے شواہد ہر گلی محلے اور ہر گاؤں یا شہر میں باآسانی دیکھے جاسکتے ہیں۔ حکومتیں اس معاشی اور معاشرتی خرابی کی ذمہ داری ایک دوسرے پر ڈالتی رہیں، مگر نتائج عوام کو بھگتنا عوام کو پڑ رہے ہیں۔ عوام سے ٹیکس نچوڑنے کے سوا حکمران اور کچھ نہیں جانتے۔ انہیں مراعات اور سہولتوں کی فراہمی حکمرانوں کی ترجیحات میں بھی دکھائی نہیں دیں۔ حکمرانوں کی اصلاح اور احتساب کا نظام عملی طور پر جن ممالک میں نافذ ہے وہ آئی ایم ایف کے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6 Dated 01 SEP 2022 Page No. 16


## بلوچستان تباہی کے دہانے پر، جنگی بنیادوں پر کام کی ضرورت

بلوچستان میں سیلاب کی تباہ کاریاں جاری ہیں اس وقت صورتحال انتہائی گھمبیر ہے بڑے پیمانے پر لوگ کھلے آسمان تلے زندگی گزاررہے ہیں، کھانے پینے کی اشیاء کی قلت ہے، زمینی راستے منقطع ہیں، مواصلات کا نظام بھی مکمل درہم برہم ہوکررہ گیا ہے معمولات زندگی مکمل طور پرمفلوج ہے صورتحال فی الحال قابو میں نہیں ہے ایک طرف سیلاب کی تباہی تو دوسری جانب سیلابی پانی پینے کے پانی میں شامل ہوگیا ہے جس کی وجہ سے وبائی امراض پھوٹ پڑے ہیں۔ بچے خواتین بزرگ سب ہی متاثر ہورہے ہیں دہرا عذاب اس وقت بلوچستان کی عوام پر پڑا ہے جانی نقصانات کے ساتھ مالی حوالے سے بھی بہت زیادہ لوگ متاثر ہوئے ہیں جن کی بحالی کے لیے یقیناً وقت بہت زیادہ لگے گا فی الوقت ان کو ریسکیو کرنے اور ریلیف کی فوری ضرورت ہے جہاں بھی متاثرین پھنسے ہوئے ہیں انہیں نکالنا چاہئے کیونکہ جن علاقوں کو سیلاب نے متاثر کیا ہے اگر وہ مزید اسی حالت میں طرح رہیں گے تو جانی نقصان کا خدشہ بڑھے گا لہٰذا سب سے پہلے وہاں سے ان کی نقل مکانی کو یقینی بنایا جائے پھر ریلیف کے حوالے سے جنگی بنیادوں پر کام کیا جائے۔ بلوچستان سے اس وقت بارش اور سیلاب کے حوالے سے اچھی خبریں نہیں آرہی ہیں ۔پی ڈی ایم اے کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق بارش اور سیلاب کے نتیجے میں ہونے والے حادثات میں مزید 2 افراد جان کی بازی ہار گئے، بلوچستان میں یکم جون سے اب تک جاں بحق ہونے والوں کی تعداد 250 ہوگئی۔ جاں بحق ہونے والوں میں 117 مرد 60 خواتین اور 73 بچے شامل ہیں، سب سے زیادہ 27 ہلاکتیں کوئٹہ، 21 لسبیلہ اور 17 پشین میں ہوئیں۔ اس کے علاوہ صوبے میں بارشوں کے دوران مختلف حادثات میں 110 افراد زخمی ہوچکے ہیں۔ پی ڈی ایم اے کی رپورٹ کے مطابق سیلابی ریلوں اور بارشوں سے مجموعی طور پر بلوچستان میں 61 ہزار 718 مکانات نقصان کا شکار ہوئے تو وہیں ایک لاکھ 45 ہزار 936 سے زائد مال مویشی سیلابی ریلوں کی نذر ہوگئے ہیں، اب تک مجموعی طور پر دو لاکھ ایکڑ زمین پر کھڑی فصلوں کو نقصان پہنچا ہے۔ کوئٹہ سمیت بلوچستان کے بیشتر علاقوں میں 7 روز سے بجلی کا بحران برقرار ہے۔ ذرائع کے مطابق کوئٹہ سمیت بلوچستان کے بیشتر علاقے 7 روز سے بجلی کے بحران کے باعث تاریکی میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ خضدار، قلات، سوراب، مستونگ، نوشکی، چاغی، خاران اور دالبندین میں بجلی کی سپلائی معطل ہے، اس کے علاوہ ژوب، قلعہ سیف اللہ، پشین، چمن کے علاقوں کو یومیہ 2 گھنٹے بجلی کی فراہمی کی جارہی ہے۔ کیسکو کے مطابق کوئٹہ کو متبادل ذرائع سے 4 گھنٹے کے لیے بجلی فراہم کی جارہی ہے۔ دوسری جانب بجلی کی بندش سے نوشکی، مستونگ، قلات میں پینے کے پانی کا بھی بحران ہے۔ کیسکو کا کہنا ہے کہ بلوچستان میں بجلی کی بحالی کے لیے کوششیں جاری ہیں، دو سے تین روز میں کوئٹہ سمیت دیگر علاقوں کی بجلی بحال کردی جائے گی۔ اس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ بلوچستان اس وقت کس کرب سے گزررہا ہے پہلے عذاب کیا کم تھے کہ اس آفت نے مزید لوگوں کو بڑے بحران میں مبتلا کردیا ہے لہٰذا بلوچستان کو ترجیح دینے کی ضرورت ہے یقیناً سندھ میں بھی بڑے پیمانے پر تباہی ہوئی ہے مگر مشترکہ جدوجہد سے ہی اس مشکل سے نکلا جاسکتا ہے۔ امید ہے کہ جو امداد اقوام متحدہ، دیگر ممالک سمیت عالمی تنظیمیں دے رہی ہیں ان کا صحیح اور شفاف استعمال یقینی بنایا جائے گا اور سیلاب متاثرین پر ہی اسے خرچ کیا جائے گا کیونکہ بعض جگہوں سے یہ شکایات موصول ہورہی ہیں کہ سیاسی بنیادوں پر سیلاب متاثرین کی مدد کی جارہی ہے اس طرح کے عمل سے گریز کرنا چاہئے اور حکومت کو مکمل طور پر اس پر چیک اینڈ بیلنس رکھنا چاہئے اور حقیقی متاثرین کی بحالی کو یقینی بنانا چاہیے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 01 SEP 2022 Page No. 18

# صوبائی حکومت سیلاب زدگان کی بحالی ہر صورت یقینی بنائے گی

بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی صدر و وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ ملک اور ریاست لوگوں کے لیے ہوتی ہے اس وقت متاثرین سیلاب کو ملک و قوم کی بھرپور مدد اور توجہ کی ضرورت ہے حکومت متاثرین کی بحالی اور آبادکاری کو ہر صورت یقینی بنائے گی اگر ہمیں اپنے متاثرہ لوگوں کی امداد اور بحالی کے لئے نرم قرض بھی لینا پڑے تو ہم اس سے بھی دریغ نہیں کریں گے متاثرہ لوگ ہمارے اپنے ہیں اور ہم امتحان اور آزمائش کی اس گھڑی میں ان کے ساتھ کھڑے ہیں سینیٹر پرنس آغا عمر احمدزئی بھی اس موقع پر موجود تھے ملاقات میں صوبے میں حالیہ بارشوں سے ہونے والے نقصانات اور بحالی کے اقدامات کے علاوہ پارٹی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا اور اتفاق کیا گیا کہ بلوچستان عوامی پارٹی تکلیف اور مشکل کی اس گھڑی میں متاثرین کے ساتھ ہے اور امداد و بحالی کے مرحلے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی اس ضمن میں پارٹی کارکنوں اور عہدیداروں کو صوبائی حکومت کے ریلیف اینڈ ریہیبلیٹیشن فنڈ میں عطیات دینے کے ساتھ ساتھ پارٹی سطح پر بھی عطیات کے حصول کی مہم کے آغاز کی ہدایت کی گئی ملاقات میں اس عزم کا بھی اظہار کیا گیا کہ حکومت متاثرین کی جلد بحالی کے لئے پوری طرح سے متحرک اور پرعزم ہے یہ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے متاثرہ لوگوں کی امداد اور بحالی میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھے صوبائی حکومت مشکل کی اس گھڑی میں اپنی ذمہ داریوں سے بخوبی آگاہ ہے پی ڈی ایم اے کی ٹیمیں متاثرہ اضلاع میں 24 گھنٹے موجود ہیں اور متاثرہ علاقوں میں راشن پیکٹس اور دیگر سامان فراہم کیا جا رہا ہے جن علاقوں تک زمینی رسائی ممکن نہیں وہاں حکومت بلوچستان کے ہیلی کاپٹر کے ذریعے متاثرہ افراد تک ضروری سامان فراہم کیا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ صوبے کی قومی شاہراہوں بجلی گیس اور ٹیلیفون کی نظام کی بحالی کے لیے وفاقی اداروں کی بھرپور معاونت درکار ہے تاکہ کوئٹہ سمیت صوبہ بھر میں معمولات زندگی بحال ہو سکیں صوبے کے متاثرہ اضلاع میں پاک افواج اور ایف سی سول انتظامیہ کے ساتھ مل کر جس مستعدی سے ریسکیو اور ریلیف آپریشن میں حصہ لے رہی ہیں وہ قابل ستائش اور باعث فخر ہے ملاقات میں بلوچستان عوامی پارٹی کے تنظیمی امور پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے پارٹی کو صوبہ بھر میں بھرپور طریقے سے فعال بنانے کا فیصلہ کیا گیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Baakhabar Quetta

Bullet No. 6    Dated: 01 SEP 2022    Page No. 18 B

# بلوچستان میں سیلاب سے 200 ارب کے نقصانات کا تخمینہ، وزیراعلیٰ بحالی و آبادکاری کیلئے پرعزم

بلوچستان میں سیلاب سے ہونے والے نقصانات کا تخمینہ دوسو ارب روپے سے زائد لگایا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کا کہنا ہے کہ متاثرین کی بحالی اور آبادکاری اتنا بڑا عمل ہے کہ ترقیاتی عمل روکنا ہوگا۔ پہلے بحالی کا کام ہوگا پھر ترقیاتی عمل، متاثرین کو بے یارومددگار نہیں چھوڑیں گے حکومت نے بحالی کے اقدامات نہ اٹھائے تو متاثرین کو اپنے بل بوتے پر دوبارہ کھڑا ہونے میں پچیس سال لگیں گے صوبے کو مدد کی اشد ضرورت ہے لیکن کسی کے آگے ہاتھ نہیں پھیلائیں گے۔ وزیراعلیٰ کا یہ بھی کہنا تھا کہ بجٹ کا پچانوے فیصد دو لاکھ سرکاری ملازمین پر خرچ ہوتا ہے جبکہ باقی بچنے والا پانچ فیصد سوا کروڑ کی آبادی کے لئے ہے ایسے میں بلوچستان کی ترقی کیسے ممکن ہے صورتحال یہ ہے کہ دو سال بعد ترقیاتی مد کے لئے رقم دستیاب نہیں ہوگی سیلاب کے بعد جس صورتحال کا سامنا ہے اس میں کرپشن کرنے والے انسان کہلانے کے مستحق نہیں جہاں کوتاہی سامنے آئے گی وہاں کی انتظامیہ معطل ہوگی منفی خبریں پھیلنے سے امداد دینے والے اداروں اور ممالک میں بداعتمادی پیدا ہوگی۔ وفاقی حکومت پہلے ہی بتا چکی ہے کہ سیلاب سے معیشت کو دس ارب ڈالر کا نقصان پہنچا ہے سیلاب اور بارشوں سے ملک میں سات لاکھ مویشی ہلاک ہوگئے جن میں سے پانچ لاکھ بلوچستان کے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے بالکل درست کہا ہے کہ سیلاب نے صوبے میں ہر طرف بڑے پیمانے پر تباہی پھیلائی ہے اور متاثرین کی بحالی اور آبادکاری ترقیاتی عمل روکے بغیر ممکن نہیں ابتدائی اندازوں کے مطابق بلوچستان میں بیانوے لاکھ افراد متاثر ہوئے ہیں ان کی بحالی و آبادکاری اتنا بڑا عمل ہے کہ اس کے لئے تمام دستیاب وسائل بھی ناکافی ہیں دوسو ارب روپے کے اخراجات پورا کرنے کے لئے صوبے کا ترقیاتی بجٹ بھی اگر سارا استعمال کرلیا جائے تو وہ بھی ناکافی ہوگا وفاق کے اپنے وسائل بھی محدود ہیں لہٰذا اس کی طرف سے غیر معمولی مدد اور تعاون کی امید نہ رکھی جائے اب سارا انحصار ڈونرز کی طرف سے ملنے والے عطیات پر ہے اب تک پچاس کروڑ ڈالر کے وعدے کئے گئے ہیں جو ملک گیر نقصانات کے ازالے کے لئے بالکل ناکافی ہیں اس میں بلوچستان کو جو حصہ ملے گا وہ بہت کم ہوگا ترقیاتی عمل روکنے سے صوبے میں معاشی مسائل ضرور پیدا ہوں گے لیکن سیلاب زدگان کی بحالی و آبادکاری کے لئے یہ قربانی زیادہ بڑی نہیں متاثرین کی مالی حیثیت اتنی نہیں کہ وہ اپنی بحالی کے اخراجات خود اٹھاسکیں ان کی جمع پونجی بس مٹی کا ایک مکان اور تھوڑی سی زرعی زمین ہے وہ یقینی طور پر حکومت کی مدد اور تعاون کے مستحق ہیں۔ یہ بدقسمتی کی بات ہے کہ صوبائی بجٹ کا پچانوے فیصد وہ دو لاکھ سرکاری ملازمین لے جاتے ہیں جن کا صوبے کی معیشت میں کوئی کردار نہیں وہ لینے والے ہاتھ ہیں دینے والے نہیں صرف پانچ فیصد حصہ ان لوگوں پر خرچ ہوتا ہے جو بلوچستان کی زراعت کو چلانے میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں یہ عدم توازن کیسے دور ہوگا یہ سوچنا وفاقی اور صوبائی حکومتوں کا کام ہے سرکاری ملازمین کی تنخواہیں اور مراعات الگ کرپشن کی مد میں صوبائی خزانے پر پڑنے والا ڈاکہ اس کے علاوہ ہے ترقیاتی اور غیر ترقیاتی بجٹ میں اتنا بڑا فرق لمحہ فکریہ ہے ترقیاتی عمل کا آگے بڑھنا ہی توانا معیشت کی علامت ہوتی ہے لیکن وطن عزیز میں سب سے کم رقم ترقیاتی شعبے کے لئے ہی مختص کی جاتی ہے اور جب معاشی مسائل زیادہ گھمبیر ہوجاتے ہیں تو سب سے پہلا شکار ترقیاتی شعبہ ہی ہوتا ہے اس طرح موجودہ صورتحال میں صوبے کی تیزی سے ترقی و خوشحالی کا خواب کبھی شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکے گا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 01 SEP 2022 Page No. 19


## Reviving agri-sector

The devastating rains in Balochistan in the month of August have caused irreparable damages to all sectors, however it was disaster for the agriculture sector in rural Balochistan. Agriculture is the backbone of the economy of the province. Approximately, 70 percent people of Balochistan are directly or indirectly associated with the agriculture sector to make a living. The economy of medium- and small-size farmers has been dealt a serious blow at a time when various crops were at the harvesting stage. Besides cotton, vegetables, onion and tomato crops have been destroyed. The expenses incurred by farmers have been wasted and growers will have to reinvest in other crops once the rainwater has receded. This time, Balochistan in particular has seen uncharacteristically heavy rains during the monsoon season this year. The floods in the province triggered by the unprecedented rains have devastated the homes of thousands of people. So far 196 people have died and hundreds of others received serious injuries. The spells of monsoon are still hitting different parts of the province and the fear of more damages is still intact. The heavy floods and storms destroyed hundreds of solar panels installed in rural areas for agriculture purposes while various crops got flooded inflicting huge losses to the farmers. The growers are still reeling under the impact of the downpour. The heavy and fast floods have not only destroyed agriculture tube-wells and standing crops but they have also badly damaged the farming lands. Erosion and submerged conditions also disturb the farmlands' fertility leading to water logged soils, which will then need proper rehabilitation. It is essential that the government at first take steps for the proper restoration of the old natural waterways so that rainwater is drained out easily otherwise rains will keep on wreaking havoc every season. The farmers of Balochistan were already facing different challenges such as load-shedding, low prices and production of different crops, and now the natural calamity in the shape of heavy downpours and floods pushed them back and it would take decades for them to stand once again on their feet. Therefore, it is essential that the federal and the provincial governments, after having fulfilled the basic needs of shelter, food, clean drinking water and health supplies, should make available to farmers a free Agri-package including seeds, fertilizers, pesticides, small tools and instruments. Agriculture lands spreading thousands of hectares have become uncultivable due to immense erosion. Therefore, the government and concerned departments must carry out a proper survey and provide all support to farmers, particularly providing them bulldozer hours for leveling damaged lands.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 01 SEP 2022 Page No. 20


## بلوچستان میں سیلاب کی تباہ کاریاں



برمحل

نور خان محمد حسنی

حالیہ بارشوں نے جہاں ملک کے مختلف حصوں میں تباہی آئی وہاں کوئٹہ میں 36 گھنٹوں کی مسلسل بارش سے نشیبی علاقوں میں شدید سیلابی صورتحال پیدا ہوئی۔ کوہ زرغون، تکتو، ہنہ اوڑک اور اسپن کاریز سے آنے والے ندی نالوں نے لوگوں کے لیے زندگی یا موت کی صورت حال پیدا کردی۔ نواں کلی، کلی ناصران، کلی الماس، کلی سمال آباد، چشمہ اچوزئی، پشتون باغ اور دیگر علاقوں میں سینکڑوں گھر ملیامیٹ ہو گئے یا انہیں نقصان پہنچا، لوگوں کے باغات بھی اس آفت کا شکار ہوئے۔ یہ ایک غیر معمولی صورتحال تھی مگر کوئٹہ کی ڈویژنل اور ضلعی حکام نے بروقت کاروائی کرتے ہوئے جانی ومالی نقصانات سے حتی الوسع بچاؤ کی تدبیر اختیار کی اور وہ اس میں کامیاب رہے۔ کمشنر کوئٹہ سہیل الرحمن بلوچ۔ ڈی سی کوئٹہ شہک بلوچ اور متعلقہ اے سیز، لیویز فورس، پی ڈی ایم اے کے اہلکاروں نے مقامی رضاکاروں کے ساتھ مل کر لوگوں کو بڑی تباہی سے بچالیا۔ پانی کے بہاؤ کو دیکھتے ہوئے قریبی لوگوں کو پیشگی اطلاع دینے اور انہیں محفوظ مقامات پر منتقل کرنے۔ پھنسے ہوئے لوگوں کو نکالنے، آبادی کو بچانے کے لئے ایکسکیویٹر اور ڈمپر استعمال کرنے کے ساتھ ساتھ زخمیوں کو ایمبولیس اور طبی امداد کی فراہمی میں کوئی کوتاہی نہیں کی گئی اور وقت پڑنے پر لوگوں کو نکالنے کے لئے آرمی ہیلی کاپٹرز کی مدد لی گئی۔

ایف سی اور فوج نے بھی سول حکام کا فعالیت کے ساتھ ساتھ دیا۔ اس دوران ہزاروں کی تعداد میں لوگوں کو محفوظ مقامات تک پہنچانے میں مدد دی۔ اس ناگہانی آفت کے باوجود بھی کچھ ناعاقبت اندیش لوگوں نے اس صورتحال کا فائدہ اٹھانے کی کوشش کی۔ اگلی رات پھر علاقے میں ولی تنگی ڈیم ٹوٹنے کی افواہ پھیلنے پر لوگوں میں سراسیمگی پھیل گئی اور لوگوں نے مکانات چھوڑ کر محفوظ مقامات کی طرف جانا شروع کیا۔ پھر ڈی سی کوئٹہ کی جانب سے اس اطلاع پر کہ ولی تنگی ڈیم اب تک محفوظ ہے، لوگوں نے سکون کا سانس لیا۔ یہ بات قابل افسوس ہے کہ اس آفت کے آنے کے باوجود ہم نے اس صورتحال سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کی اور جو لوگ گھر چھوڑ کر چلے گئے تھے، وہاں لوٹ مار کی کوشش کی گئی مگر پولیس اور حکام نے ان کی یہ کوشش ناکام بنادی۔

شہر میں قدرتی گیس کی معطلی کی صورت میں لوگوں نے ایل پی جی سلینڈرز کا استعمال شروع کیا تو گیس بھروانے والی دکانوں پر لوگوں کی قطاریں لگ گئیں اور ایل پی جی کی قیمتوں میں من مانا اضافہ کیا گیا اور لوگوں کی مجبوری کا فائدہ اٹھایا گیا۔ ٹال والوں نے لکڑی کی قیمتوں میں اضافہ کیا اور شہر میں اشیائے صرف کی کمی نہ ہونے کے باوجود مصنوعی مہنگائی دیکھنے میں آئی۔ سیلابی ریلوں سے سلیمان رینج، لورالائی، ژوب، ڈکی، زیارت، ہرنائی، قلعہ سیف اللہ، پشین، خانوزئی، قلعہ عبداللہ، کوئٹہ، مستونگ، قلات، بولان، کچھی، سبی، کوہلو، مسلم باغ، بارکھان، جھل مگسی، ڈیرہ مراد جمالی، ڈیرہ اللہ یار، صحبت پور اور لسبیلہ ضلع میں نقصانات ہوئے اور بہت سے علاقوں میں سڑکیں اور پل ٹوٹنے سے ان کا رابطہ منقطع ہوا۔

نیشنل ہائی وے اتھارٹی اور متعلقہ حکام کو بھی کوئٹہ اور کوئٹہ کراچی شاہراہ کی بحالی کے علاوہ رابطہ سڑکوں کی مرمت اور متعلقہ حکام کو گیس سپلائی اور بجلی کی فوری بحالی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرنے کی ضرورت ہے، اس کے علاوہ روزمرہ اشیاء کی وافر مقدار میں دستیابی اور مصنوعی مہنگائی کرنے والوں کے خلاف سخت کاروائی کی جانی چاہیے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 01 SEP 2022 Page No. 21


# سیلابی ریلے تباہی کی داستان چھوڑ گئے





کوئٹہ

عبدالخالق

بلوچستان میں تاریخ کی بدترین طوفانی بارشیں اور سیلابی ریلے اپنے پیچھے تباہی و بربادی کی المناک داستانیں چھوڑ گئے، بارشوں سے لسبیلہ سے ژوب، چمن سے نصیرآباد ڈویژن تک بلوچستان کا وسیع و عریض علاقہ تباہی سے دوچار ہوا ہے، ڈیڑھ ماہ کی مسلسل بارشوں اور پھر سیلابی ریلوں نے بلوچستان کے پہلے ہی انتہائی کمزور انفرسٹرکچر کو مکمل طور پر تباہ کردیا، سڑکوں و ریلوے کا نیٹ ورک بری طرح سے متاثر ہوا جبکہ اسکولوں اور مراکز صحت سمیت دیگر سرکاری عمارتوں کو بدترین نقصان پہنچا ہے، صوبے کے تمام تعلیمی اداروں میں مسلسل دوسری مرتبہ 5، 5 دن کی تعطیلات کا اعلان کیا گیا ہے، اب تک بارشوں سے جاں بحق ہونے والوں کی تعداد 250 سے تجاوز کرگئی ہے، ہزاروں مکانات منہدم ہونے کے باعث لاکھوں لوگ بے گھر ہونے کے بعد کھلے آسمان تلے بے یار و مددگار پڑے ہوئے ہیں، متاثرین اس وقت بے بسی کی تصویر بنے ہوئے ہیں گیس و بجلی کے نظام کو وسیع پیمانے پر نقصان پہنچنے سے بلوچستان کا وسیع علاقہ گیس اور بجلی کی سہولت سے محروم ہے، کوئٹہ سمیت مختلف علاقوں کو کئی روز سے گیس کی فراہمی مکمل طور پر بند ہے، سوئی سدرن گیس کمپنی کے مطابق متاثرہ علاقے میں مرمت کا کام اس وقت شروع ہوسکتا ہے جب پانی کی سطح نمایاں طور پر کم ہو سوئی سدرن گیس کا عملہ مشینری کے ساتھ متاثرہ پائپ لائن تک رسائی حاصل کرنے کے قابل ہوجائے گا تو تباہ شدہ پائپ لائن کی مرمت کا کام شروع ہوجائے گا تاہم کام شروع ہونے سے ختم ہونے تک دس دن درکار ہوں گے گیس کی بندش سے کوئٹہ میں ایل پی جی کا حصول جوئے شیر لانے کے مترادف ہوگیا ہے ایل پی جی کی ایک جانب قلت ہے تو دوسری جانب اس کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کردیا گیا ہے جس کے بعد کوئٹہ میں ضلعی انتظامیہ نے گرانفروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کردیا ہے، یہی کچھ صورتحال بجلی کی ہے اس وقت کوئٹہ کو متبادل ذرائع سے بجلی کی فراہمی جاری ہے اور کوئٹہ شہر کے تمام فیڈروں کو ضرورت کے مطابق باری باری بجلی فراہم کی جارہی ہے بلوچستان کو اس وقت 700 میگاواٹ بجلی کی قلت کا سامنا ہے جبکہ دستیاب بجلی صرف 250 میگاواٹ ہے، دوسری جانب 220 کے وی دادو، خضدار ٹرانسمیشن لائن سے بجلی کی فراہمی معطل ہونے سے صوبے کے ایک بڑے حصے خضدار، وڈھ، باغبانہ، قلات، تال، زہری، بیسمہ، گدر، منگچر، کھڈکوچہ اور سوراب، مستونگ، نوشکی، چاغی، خاران اور دالبندین کے علاقوں کو ان سطور کے تحریر کیے جانے تک بجلی کی فراہمی معطل ہے جبکہ لورالائی، ژوب، قلعہ سیف اللہ، پشین، قلعہ عبداللہ، یارو، علیزئی، چمن کے تمام فیڈروں کو ضرورت کے مطابق یومیہ صرف دو دو گھنٹے بجلی فراہم کی جارہی ہے، سبی، ڈیرہ مراد جمالی، نصیرآباد، جھل مگسی، اوستہ محمد میں بھی سیلاب کی وجہ سے جزوی بجلی بحال کی گئی ہے صحبت پور اور گنداخہ گرڈ اسٹیشن سیلابی پانی داخل ہونے کی وجہ سے حفاظتی انتظامات کے پیش نظر بند ہیں۔ بتایا گیا ہے کہ بجلی کی صورتحال نارمل ہونے میں مزید کم از کم ایک ہفتہ لگ سکتا ہے، موبائل فونز کا نظام بھی گزشتہ کئی روز سے درہم برہم ہے، بلوچستان کے عوام کی بڑی تعداد کا ذریعہ معاش زراعت اور گلہ بانی سے وابستہ ہے زرعی شعبے کے تو اب آثار ہی نظر آتے ہیں جبکہ کچھ یہی صورتحال گلہ بانی کا ہے، ایک محتاط اندازے کے مطابق بھی بلوچستان کو 300 ارب روپے سے زائد کا نقصان پہنچ چکا ہے تاہم حقیقی صورتحال سیلابی پانی گذرنے کے بعد سامنے آئے گی، وزیراعظم میاں شہباز شریف اب تک بلوچستان کے متاثرہ علاقوں کے چار دورے کرچکے ہیں گزشتہ روز انہوں نے صوبے کے متاثرہ ضلع جعفرآباد کا دورہ کیا، نہ صرف وزیراعظم بلکہ دیگر حلقے بھی اس بات کا اظہار کرچکے ہیں کہ صوبہ [illegible]

کی حالیہ تباہ کن بارشوں اور سیلابی ریلوں سے سب سے زیادہ بلوچستان متاثر ہوا ہے وزیراعظم نے اپنے گزشتہ روز بلوچستان کے چوتھے دورے کے دوران بلوچستان کے متاثرین اور صوبے میں ہونے



والے نقصانات کے ازالے کے لئے 10 ارب روپے دینے کا اعلان کیا ہے جبکہ ابتدائی طور پر بلوچستان حکومت نے وفاقی حکومت سے فوری طور پر بلوچستان کو 50 ارب روپے دینے کا مطالبہ کیا تھا جس کے بعد بلوچستان اسمبلی کے آخری سیشن میں ایک قرارداد منظور کی گئی جس میں وفاقی حکومت سے بلوچستان کو صورتحال سے نمٹنے کے لئے 60 ارب روپے کا پیکیج دینے کا مطالبہ کیا گیا تاہم ان مطالبات پر تاحال کوئی پیشرفت نظر نہیں آرہی، دوسری جانب یہ امر بھی تکلیف دہ ہے کہ منتخب عوامی نمائندے چاہے ان کا تعلق حکومت یا اپوزیشن سے ہے مشکل کی اس گھڑی میں عملی میدان میں کم ہی نظر آئے اسی طرح کسی بھی قدرتی آفت کے دوران متاثرین کی فوری امداد و بحالی کے لئے پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی جس کا قیام عمل میں لایا گیا تھا اس کی کارکردگی پر بھی اس بار سوالات اٹھائے جارہے ہیں، ماضی قریب میں جب سیلابی ریلوں اور زلزلوں سے بلوچستان کے مخصوص علاقے متاثر ہوتے رہے ہیں تو حکومت کی جانب سے فوری پیکیج کے اعلان کے ساتھ سیاسی جماعتوں کی جانب سے کوئٹہ و اندرون بلوچستان فوری طور پر امدادی کیمپ لگا کر متاثرین کی امداد کے لئے راشن، کپڑوں سمیت دیگر امدادی اشیا جمع کی جاتی تھیں اس بار کی تباہ کن صورت میں یہ روایت بھی دم توڑتی نظر آئی ہے، تاہم دوسری جانب کور کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور مسلسل بارشوں و سیلابی ریلوں سے متاثرہ علاقوں کے دورے کررہے ہیں جبکہ آرمی چیف بھی بلوچستان کے مختلف متاثرہ علاقوں کے اب تک دورے کرچکے ہیں اس تمام عرصے میں متاثرہ اضلاع میں ضلعی انتظامیہ بھی متحرک نظر آئی، بلوچستان میں ڈیڑھ ماہ سے زیادہ عرصہ تک جاری رہنے والی مون سون کی بارشوں کی گزشتہ 70 سال میں مثال نہیں ملتی۔